# مطبوعات

ISLAMIC STATE | رشحاتِ قلم سید مودودیؒ ۔ مترجم (اُردو سے انگریزی) و مرتبہ جناب مظہرالدین صدیقی صاحب ۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی ۔

تعارف کتاب میں تاریخ کا بڑا اچھا خلاصہ سامنے رکھا گیا ہے کہ وہی دُنیا جو پندرھویں صدی عیسوی میں اسلام کا دَور عروج دیکھ رہی تھی، اٹھارھویں صدی عیسوی سے اس کا سارا معاملہ اُلٹ پلٹ ہو گیا ۔ مسلمانوں کو سیاسی محکومی میں لینے کے بعد مغربی قوموں نے ان کے افکار و علوم اور ریاست و معاشرت اور سارے نظامِ تہذیب کے بخیئے اُدھیڑ دیئے ۔ مگر مغربی علوم کے پرورش کردہ دانشور سیکولرازم کا مقابلہ کرنے میں بالکل عاجز ثابت ہوئے ۔ یہ بڑی خوفناک شکست تھی ۔

عالمِ اسلام کے اربابِ فکر و نظر اور ان کے ادارات اس شکست سے قوم کو نکالنے کے لیے برابر اس فکر میں لگے رہے کہ جدید دَور کے مسائل کا حل اسلامی اُصول و طریق کے ذریعے نکالا جائے ۔ چنانچہ انہی کے درمیان جماعتِ اسلامی نمودار ہوئی جس کے سربراہ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے اسلام کو دینِ کامل کی حیثیت سے پیش کرنے کا فکری جہاد کیا ۔ خصوصاً اُنہوں نے اسلامی اُصول و مقاصد کے مطابق جدید دَور میں چل سکنے والی اسلامی ریاست کا مکمل نقشہ مرتب کر کے قوم کے سامنے رکھ دیا ۔ ان تحریروں کے ذریعے مسلمانوں کے اندر از سرِ نو اعتماد بحال ہوا ۔

مظہرالدین صاحب ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ اُنہوں نے اسلامی ریاست کے متعلق مولانا سید مودودی کی تحریروں کو جمع کر کے ان کا ترجمہ بھی کیا اور ان کو ترتیب بھی دی ۔ ان کی یہی خدمت اس وقت کتابی شکل میں ہمارے سامنے ہے ۔ خدا کرے یہ دُنیا میں بھی مقبول ہو اور آخرت میں بھی ۔

---

**تحقیقاتِ اسلامی (سہ ماہی)** | ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی کا سہ ماہی ترجمان - ایڈیٹر سید جلال الدین عمری - پتہ: پان والی کوٹھی - دودھ پور - علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱ (انڈیا)
چندہ سالانہ بھارت سے ۲۵/- روپے - پاکستان سے ۱۰۰/- روپے -

بھارت میں مسلمانوں کو جہاں ہولناک آزمائشوں کا سامنا ہے، وہاں ناسازگار حالات نے ان کی خاص خاص قوتوں اور صلاحیتوں کو اُبھار دیا ہے - وہ بعض ایسے کام کر رہے ہیں جو آزاد مسلم ممالک میں شروع نہیں ہو سکے - مثلاً علی گڑھ ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی قائم کیا گیا ہے جس کے تحت متعدد روشن دماغ حضرات تحقیقی کاوشوں میں مصروف رہتے ہیں - مثلاً اس وقت جو شمارہ کتب تبصرہ میں شامل ہے (جولائی - ستمبر ۱۹۸۶ء) اس میں "امام غزالی کا تصوّف" (ڈاکٹر غلام قادر لون) اور "اُردو میں تاریخ نگاری" (ڈاکٹر اقتدار حسین صدیقی) دو تحقیقی مقالات شامل ہیں - بحث و نظر کے تحت "اسلام کا عقیدۂ توحید اور اس کے قرآنی دلائل" اور "مشترکہ خاندانی نظام اور اسلام" دو مضامین شائع کیے گئے ہیں - تنقید و تبصرہ کے زیرِ عنوان "صلاح الدین ایوبی کی ایک سوانح" - انگریزی کتاب: SALADIN - مؤلف: اینڈریو ایس اہرینکریٹز (EHRENKREUTS) پہ پانچ صفحات میں تبصرہ کیا گیا ہے - حرفِ آغاز کے تحت ایڈیٹر صاحب نے "خدمتِ خلق کے چند پہلو" پر بصیرت افروز مضمون لکھا ہے -

---

**افکار و عمل** | مؤلفہ: عاصم نعمانی صاحب - ناشر: دارالاشاعت احباب، گلاب مینشن، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور - کاغذ، طباعت، سرورق بہت اچھا - قیمت: ۱۸/- روپے

جناب عاصم نعمانی صاحب کئی سال سے جماعتِ اسلامی کی خدمت کر رہے ہیں - مولیناؒ کے پرسنل سیکرٹری کی حیثیت سے ڈاک کو نمٹانے کے علاوہ مولینا کے ملاقاتیوں کے شوقِ ملاقات کا دباؤ بھی بڑی خوبی سے سہتے رہے ہیں - اب وہ منصورہ کی مرکزی تربیت گاہ کے انچارج ہیں - ایک عرصہ سے جو کچھ باہر سے آمدہ رفقاء کو بتایا سنایا جاتا ہے اس میں بھی حصہ دار ہیں اور کارکنوں کے اندر جس جس چیز کی طلب ہوتی ہے اس کو بھی خوب سمجھتے ہیں -

اپنے علم، تجربے اور سمجھ بوجھ سے کام لے کر "افکار و عمل" کے عنوان سے انہوں نے مولینا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی ایسی تحریریں یک جا کر دی ہیں جن کا تعلق تربیتِ ذہن و کردار سے ہے۔ امید ہے کہ یہ مختصر سا انتخاب اپنے مقصد کے حصول میں کامیاب رہے گا، اور کارکنان اس کی قدر کریں گے۔

خواتین، طلبہ اور طالبات کی تربیت گاہوں کے لیے بھی یہ مفید ہے۔

---

**MUSLIMS IN YOGOSLAVIA** | از قلم مشتاق پارکر، ایم ایس سی، لندن - ناشر: کرسینٹ اسلامک سنٹر، ٹورنٹو، کینیڈا - قیمت درج نہیں۔

انگریزی تحریروں کا یہ دردناک مجموعہ بہت ہی خوبصورت معیارِ طباعت کے ساتھ آیا ہے۔ مسلمانانِ عالم میں جب سے سر اٹھانے کا جذبہ پیدا ہوا ہے، ہر جگہ (حتیٰ کہ مسلم ملکوں میں بھی لادینیت پسندوں کی طرف سے) ان کو سخت آزمائشیں درپیش ہیں۔ لیکن بعض ملکوں میں یہ آزمائش حد درجہ سنگین ہے۔ یوگوسلاویہ ایسا ہی ایک ملک ہے۔ اس میں کمیونسٹ ملحد حکومت کی مسلم کشی و ملت آزاری کی بڑی خوفناک مہم چل رہی ہے۔ عام مظالم کے علاوہ بعض خاص مقدمات اور نظربندیوں کی داستانیں دل ہلا دینے والی ہیں۔ انہی میں سے ایک ملکہ صالحہ MELIKA SALEHBEGOVIC کی روئیداد آزمائش ہے جس کا ترجمہ اس اشاعت کے لیے تیار نہ ہو سکا۔ یوں سمجھیے کہ زینب الغزالی کی سی روح اس خاتون میں کام کر رہی ہے۔

اس کتاب یا پمفلٹ کو وہ لوگ ضرور پڑھیں جو پاکستان میں لادینیت اور سوشلزم کے جھنڈے بلند کر رہے ہیں۔

---

**پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن** | رپورٹ آٹھواں سالانہ کنونشن، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن اجلاس منعقدہ، لاہور مئی ۸۶ء - ناشر: ایسوسی ایشن مذکورہ - قیمت درج نہیں۔

اسلام کا سحر کی تصور لے کر کام کیجیے تو ہر طرف مسلم قوتیں پراگندگی سے نکل کر صف بستہ ہونے

لگیں گی۔ اب دیکھیے کہ پاکستان کے بیشتر ڈاکٹر جو روپیہ سمیٹنے کے سوا کوئی مقصد ہی نہیں رکھتے (میں ایسے حضرات کی قدر و قیمت نہیں گھٹا رہا جن کا جذبۂ خدمت دُنیوی مفاد پر غالب رہتا ہے) انہی کے درمیان میں سے کچھ جواں ہمت ڈاکٹر اُٹھتے ہیں اور منظم ہو کر اسلامی مقاصد کو اپنی سیرت اور طب و علاج میں کار فرما کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ آٹھ برس سے ان کا معمول ہے کہ وہ دو روز سر جوڑ کر بیٹھتے ہیں اور اہم مسائل کو اسلامی نقطۂ نظر سے حل کرتے ہیں۔ رپورٹ میں شائع شدہ تلخیص کردہ اُردو مقالات کے عنوان یہ ہیں:۔ ۱۔ "اسلامی معاشرے کی تشکیل میں خاتون ڈاکٹر کا کردار" (از ڈاکٹر شاکرہ خالد)۔ ۲۔ "ہماری ترجیحات" ڈاکٹر محبوب عالم ۳۔ "طبی دُنیا کے فقہی مسائل اور ہماری ذمہ داریاں" (از ڈاکٹر محمد عارف جمیل)۔ علاوہ ازیں انگریزی شعبے میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی تاریخ اور اس کی ضرورت کے علاوہ "طبی خدمت ایک عبادت ہے"، "سچائی و انصاف ہے"، "کامیابی کے لیے تنظیم عوام ضروری ہے"، "افیونی مصنوعات کا مسئلہ"، "ایک مہلک سماجی خرابی"، "مریضانِ ذیابیطس کے لیے نئے غذائی رجحانات"، سامنے آتے ہیں، جو بعض مجالس کی بحثوں کا ماحصل ہیں۔

بہت ہی خاص چیز "معالجاتی اخلاق کا اسلامی ضابطہ" (کوڈ یتی مسودہ) ہے۔ اس کے ساتھ مسلم ڈاکٹر کے لیے تجویز کردہ حلف ہے۔ باقی پمفلٹ میں متذکرہ مسودے کی تشریحات ہیں۔

ہم ایسوسی ایشن اور اس کے کارپردازوں اور آٹھویں سالانہ کنونشن کے شرکاء کو مبارکباد کہتے ہیں۔

---

| اُجلے دل | افسانوں کا مجموعہ از محمد صدیق خاں۔ ناشر: مجلس فکر و ادب، کراچی۔ |
|---|---|

پتہ: ۴/۹۷ ڈرگ روڈ، کینٹ کراچی ۸     قیمت: ۲۰/ روپے

ایک ادبی کتاب پر ترجمان القرآن کے صفحات میں تبصرہ کی گنجائش کم ہے۔ سرسری طور پر ہم یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ بقول یونس حسنی (تعارفی سطور کے مؤلف) "اُس سے مس نہ ہونے والی قدروں کے لیے لکھنے کی کوشش صحرا میں اذان پکارنے کے مانند ہے۔" پیرانی حقیقتوں کا بیان

آج کے ادب میں گویا کسی وادی میں نئی راہ نکالنے کی مہم ہے اور اس لحاظ سے قابلِ قدر۔ کسی نے اچھے مقصد کے لیے کوئی نئے تجربات کیے تو سہی۔ چاہے ان میں سے ہر ایک پختگی اور معیاریت کی انتہا تک نہ پہنچے۔

محمد صدیق خاں کی سادہ سادہ سی ادبی زبان بہت اچھی ہے۔ بعض افسانوں کا فنی مقام بھی بلند ہے۔ مثلاً "میری ساس ایک ماں تھی" — "ایک انٹرویو" — "پھولوں کو آگ لگ گئی ابرِ بہار سے" — اور "طلسمی دُنیا" — مگر طلسمی دُنیا تو اگلی متعدد کہانیوں کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔

"ایک حقیقت سو افسانے" کوئی مستقل افسانہ نہیں، ایک اور کہانی پر تبصرہ ہے۔ بعض جگہ تقریری انداز اُبھر آتا ہے، کہیں کہیں ڈائرکٹ اپروچ اتنا زور کرتی ہے کہ جو باتیں واقعات اور کرداروں کے رویّوں کی زبانوں سے ہونی چاہئیں، اُنہیں آگے بڑھ کر مصنف پہلے کہہ ڈالتا ہے۔ پھر کسی کسی جگہ سیاسی رنگ بھی ہے، مثلاً "پاکستان زندہ باد"۔

برادرم محمد صدیق خاں! ایک بات ہمیشہ یاد رکھیے کہ فن میں مقصد اختیار کرنے کے معنی یہ نہیں کہ آپ فن کو ناقہ بنائیں اور اس کے محمل میں مقصد کو سوار کریں اور مہار لے کے چل پڑیں۔

دوسری ضروری بات یہ ہے کہ کام ہمیشہ اچھے مقصد کے لیے کرنا چاہیے، مگر اچھے مقصد والے کو قابلِ رحم بن کے سامنے نہیں آنا چاہیے کہ مجھ سے جو کچھ ہو سکا ہے اُس پہ لوگ میری ہمت افزائی کریں، بلکہ اچھے مقصد کے لیے اچھا فنی تفکر، اچھا اسلوب اور اچھا سلسلۂ واقعات بہ ترتیب دلکش پیش کرنا چاہیئے۔

بہر حال بہ حیثیتِ مجموعی میں نے بتول اور الحسنات میں شائع شدہ آپ کی ان کہانیوں کو دیکھ کر یہی محسوس کیا کہ آپ میں بڑی صلاحیتیں ہیں۔ اس وقت آپ کی کہانیاں ایک خاص سطح تک کے لیے بہت موثر ہیں، مگر آگے چل کر وہ وقت آسکتا ہے کہ ہر سطح پہ اُن کی قدر کی جائے، محنت شرط ہے۔

# محض تعارف

**ماہنامہ تبیان** | مدیر اعلیٰ مولانا شاہ حسین گردیزی - مقام اشاعت: دار العلوم مہریہ، صحافی سوسائٹی، گلشن اقبال - کراچی - سالانہ چندہ ۲۴/- روپے۔

**ماہنامہ انجمن** | مدیر اعلیٰ ریاض الدین احمد - زیر نگرانی صبا اکبر آبادی - مقام اشاعت: ۸ ڈی V ناظم آباد کراچی - سالانہ چندہ ۱۰/- روپے

**AL-ISLAM** | ایڈیٹر: اے کے، ایم نذیر احمد - پتہ: بنگلہ دیش، اسلامک سنٹر ۱۷ نیو ایلیفنٹ روڈ، ڈھاکہ ۵ - بنگلہ دیش - قیمت فی شمارہ ۳/- روپے

**ساتھی** | بچوں کے لیے اسلامی رسالہ - ایڈیٹر: مسعود کمال عباسی - پتہ: ساتھی پبلیکیشنز، الف ۱۰۶ سلیم ایونیو، گلشن اقبال B/۱۳ کراچی ۴۷ - قیمت فی شمارہ ۱/- روپیہ

**ماہنامہ دار العلوم** | دار العلوم دیوبند کا ترجمان - مدیر: مولانا حبیب الرحمٰن قاسمی - پاکستان میں پتہ: مولانا عبدالستار صاحب، مقام کرم علی والا تحصیل شجاع آباد، ضلع ملتان - سالانہ چندہ ۶۰/- روپے

**ہفت روزہ ہوشدار** | افغان مسلم طلبہ کا ترجمان - ایڈیٹر: م۔ ابوراقم - قلم سے لکھ کر فوٹو سٹیٹ نقول لی گئیں - پتہ: ابوراقم، پوسٹ بکس نمبر ۱۵۶۸ - راولپنڈی۔

**GREEN DOOM** | اسلامی ماہنامہ - مدیر: محمد یعقوب خان - ناشر: مسلم ویلفیئر سوسائٹی جموں و کشمیر - پتہ - DOODH-GANGA-ROAD, KAREN NAGAR-

SRINAGAR 190010, (KASHMIR)

سمندر پار ممالک سے چندہ فی کاپی عام ڈاک سے ۱½ ڈالر - ہوائی ڈاک سے ۱۵ ڈالر۔

**ماہنامہ تعلیمات** | بہ اہتمام انجمن فاضلین - ادارہ تعلیم و تحقیق - جامعہ پنجاب نیو کیمپس، لاہور۔ مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر محمد اقبال ظفر - پتہ: جامعہ پنجاب نیو کیمپس، لاہور - چندہ سالانہ ۳۰/- روپے